SITARA ENERGY LIMITED

NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

بذریعہ ہذا نوٹس دیا جاتا ہے کہ ستارہ انرجی لمیٹڈ (دی کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے بروز منگل 15 اپریل 2025 کو بوقت صبح 11:00 بجے چھٹی منزل، کمرہ نمبر 606، بزنس سینٹر ممتاز حسن روڈ کراچی میں منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1. مورخہ 28 اکتوبر 2024 کو منعقد کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2. مورخہ 15 اپریل 2025 سے شروع ہونے والی تین (03) سال کی مدت کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) اور 2(a) کے مطابق ڈائریکٹرز نے 26 فروری 2025 کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں منظور کردہ ایک قرارداد کے ذریعے ڈائریکٹرز کی تعداد (07) سات مقرر کی ہے۔
- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159(2)(b) کے مطابق، سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام یہ ہیں:

1، جناب جاوید اقبال
2۔ مسز نورین جاوید
3۔ محترمہ ہانیہ جاوید
4۔ جناب طاہر ابراہیم
5۔ جناب شاہد حمید شیخ آزاد ڈائریکٹر
6۔ جناب مبشر احمد زرین آزاد ڈائریکٹر
7۔ شیخ جاوید اسلام آزاد ڈائریکٹر

حسب الحکم بورڈ

مظہر علی خان کمپنی سیکرٹری

کراچی 24 مارچ 2025

نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 8 اپریل 2025 سے 15 اپریل 2025 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مورخہ 6 اپریل 2025 کو کاروبار کی بندش تک کمپنی کے شیئر زرجسٹرار کے دفتر میں موصول ہونے والے ٹرانسفرز ای او جی ایم میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے حقدار بنانے کے مقصد کیلئے بر وقت تصور کئے جائیں گے۔

2۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے ایک اہل ممبر اپنی جگہ شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کیلئے حقدار ہے اور اسے اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ موثر ہونے کے ضمن میں پراکسیز، اجلاس منعقد ہونے کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازماً موصول ہو جانے چاہئیں۔

3۔ اگر کوئی رکن ایک سے زائد پراکسی اور ایک سے زائد پراکسی کے انسٹرومینٹس کمپنی میں جمع کرواتا ہے تو پراکسی کے تمام ایسے انسٹرومینٹس غیر فعال قرار دیئے جائیں گے۔

4۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز EOGM میں اپنی نمائندگی کے لیے کسی اور کو نامزد کریں گے۔ موثر ہونے کے ضمن میں نامزدگیاں، کمپنی کو میٹنگ کے انعقاد کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے موصول ہونی چاہیے۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندگان، دستخطوں کے نمونے کیساتھ بورڈ قرارداد/ پاور آف اٹارنی (اگر انہوں نے پہلے فراہم نہ کئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کیساتھ ہمراہ لائیں۔

5۔ سی ڈی سی پراسکرپ لیس فارم میں شیئرز رکھنے والے کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز سے اپنے سی ڈی سی شرکت کنندہ (بروکرز)/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو براہ راست قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این سرٹیفکیٹس کی قابل میعاد نقول جمع کرانے/ ارسال کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ فزیکل شیئر ہولڈرز جنہوں نے اب تک قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این سرٹیفکیٹس کی قابل میعاد نقول جمع نہیں کرائی ہیں، سے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو اس کی نقول ارسال کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

6۔ تمام سی ڈی سی شیئر ہولڈرز سے پتوں میں تبدیلی سے متعلق، اگر کوئی ہو، اپنے سی ڈی سی شرکت کنندہ (بروکرز) اسی ڈی سی انویسٹر اکاونٹ سروسز کو براہ راست فوری طور پر مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ فزیکل شیئر ہولڈرز سے پتوں میں تبدیلی سے متعلق، اگر کوئی ہوں مندرجہ ذیل پتہ پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر براہ راست مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے:

میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ

پلاٹ نمبر C-32 جامی کمرشل اسٹریٹ-2 فیز VII ڈی ایچ اے، کراچی۔

فون: 322-000-111، ای میل: sfo@thk.com.pk

7۔ CNIC جمع کروانا-(لازمی)

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، SRO 779(I)/2011 بتاریخ 18 اگست 2011 کے نوٹیفکیشن کے حوالے سے، جن ممبران/شیئر ہولڈرز نے ابھی تک اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی فوٹو کاپی کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہے، ان سے التماس ہے کہ وہ اسے براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیجیں۔

8۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کی دفعات کے مطابق دوسرے شہروں میں رہنے والے اور کل ادا شدہ سرمائے کا کم از کم 10% رکھنے والے شیئر ہولڈرز کمپنی سے میٹنگ میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کی سہولت کا مطالبہ EOGM کی تاریخ سے کم از کم (دس) 10 دن قبل دیئے گئے شیئرز رجسٹرار ایڈریس پر موصول ہونا چاہئے۔

9۔ کمپنیز کی ضروریات (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018

ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کہ مذکورہ ضوابط میں موجود تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق

10۔ ویب سائٹ پر EOGM نوٹس کی جگہ کا تعین

EOGM کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.sitara.pk پر بھی دستیاب ہے۔